© rasailojaraid.com

سوال ملائکہ کا مطلب یہ ہے کہ نبی کے مبلغین لوگوں سے ان کے عقائد اور طریقوں کے متعلق پوچھ گچھ کرینگے جنت نبی کی تعلیم پر عمل کرنا ہے اور اس سے انحراف عذاب نار ہے۔ بہاء اللہ کے ذریعے امت مسلمہ پر قیامت کے وارد ہونے کی خبر سورۂ ق سے پیش کی گئی ہے ملاحظہ ہو واستمع یوم ینادِ المناد من مکان قریب یوم یسمعون الصیحۃ بالحق۔ ذالک یوم الخروج۔ یہاں المناد سے مراد بہاء اللہ ہیں اور مکان قریب کا اشارہ ایران کی طرف ہے۔

فن استدلال کے ایسے لطائف میں سے ایک ملاحظہ ہو۔ ولکل امۃ اجل۔ ہر امت کی ایک مقررہ مدت ہے۔ ولکل اجل کتاب۔ ہر دور معین کے لیے ایک کتاب الٰہی ہوا کرتی ہے۔ فمن اوتی کتابہ بیمینہ فاولئک یقرؤن کتابھم ولا یظلمون فتیلا۔ جو لوگ داہنے ہاتھ میں لے کر کتاب کو پڑھیں گے اور اس کا صحیح مدعا پائیں گے ان کا کوئی حق ضائع نہ کیا جائے گا۔ ووضع الکتاب فتری المجرمین مشفقین مما فیہ۔ کتاب الٰہی کے نازل ہونے پر مجرم اس کے نوشتوں سے ڈر رہے ہوں گے۔

کوئی صحیح الدماغ شخص اس "دفتر معرفت" کا اول تو مطالعہ کر ہی نہ سکے گا، ور اگر کرلے گا تو کچھ گنوائے گا ہی، پائے گا کچھ نہیں!

**سجاد حیدر یلدرم** — مرتبہ سید سجاد الدین صاحب ایم۔ اے۔ — قیمت مجلد عہ

شائع کردہ :- ادارہ دانش و حکمت حیدرآباد، دکن۔

سجاد حیدر یلدرم اردو ادب کی تعمیر میں جلال الدین خوارزم شاہ: "خیالستان" "حکایات و حتف نامہ" اور "ہما خانم" وغیرہ کے ذریعے جو حصہ ادا کر گئے ہیں اس سے اہل ذوق آگاہ ہیں۔ مرحوم کی سوانح اور ادبی جذبات کے تذکرے کی کمی کو پورا کرنے کے لیے جناب مرتب نے اس کتاب میں ان چند مضامین کو جمع کرکے شائع کردیا ہے جو وقتاً فوقتاً سجاد اور اس کی نگارشات پر لکھے گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں مولانا سید سلیمان ندوی، شوکت تھانوی، قاضی عبدالغفار، اور بعض دوسرے معروف حضرات شامل ہیں۔ سجاد حیدر کی پرشکوہ نگارشات اس نیم جنینی دور ادب کے آخری مرحلے سے تعلق رکھتی ہیں

© rasailojaraid.com